## سوال

نماز تراویح کا حکم ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

معلوم یہ کرنا تھا کہ آٹھ تراویح جو ہم پڑھتے ہیں اسکا حکم کیا ہے یعنی کیا یہ فرض ہیں سنت ہیں نفل ہیں یا کیا ہیں ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

نماز تراویح نبی کریم کی سنت مبارکہ ہے، کیونکہ آپ نے ان کو پڑھا ہے۔ اور فرض نہیں ہیں۔ اس کی دلیل وہ حدیث مبارکہ ہے کہ نبی کریم نے تین دن تک تراویح کی جماعت کروائی اور چوتھے روز نہ کروائی اور اس کی وجہ بیان کرتے ہوئے فرمایا :

''انی خشیت ان تفترض علیکم فتعجزوا عنھا'' ( صحیح بخاری، کتاب الصوم، باب فضل من قام رمضان)

میں ڈرتا ہوں کہ کہیں یہ تم پر فرض نہ ہوجائے اور تم (اس کی ادائیگی سے ) عاجز رہ جاؤ۔ ''

اس سے ثابت ہوتا ہے کہ نماز تراویح مسنون عمل ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**فتویٰ کمیٹی**

**محدث فتویٰ**